پارلیمانی پارٹیوں بشمول حزبِ اقتدار کے انتخابی دعوے کیا تھے؟ منشور میں کیا تھا اور پھر اسمبلی میں انہوں نے کونسا طرزِ عمل اختیار کیا، یہ کتاب ان تمام باتوں کا آئینہ ہے۔ مختصر یہ کہ "اسلام کا معرکہ" پاکستان کے ایک اہم ترین دور — آئین سازی — کی مکمل تاریخ ہے۔ اور یہ تاریخ مرتب کرنے میں ادارہ "مؤتمر المصنفین" نے جس محنت اور عرق ریزی سے کام لیا ہے، اس کا اندازہ لگانا آسان نہیں — "مؤتمر المصنفین" کی اپنی مخصوص روایات ہیں — اور ادارہ کی طرف سے پیش کیا جانے والا ہر گلدستہ ان روایات میں اضافہ ہی کرتا ہے۔ ہم نگرانِ ادارہ جناب مولانا سمیع الحق سے بجا طور پر یہ توقع رکھتے ہیں کہ وہ ایسے گلدستے سجاتے ہی چلے جائیں گے، کہ مولانا عبدالحق مدظلہ العالی کی موجودگی میں ان کے پاس پھولوں کی کمی نہیں!

سیرت حضرت ابو ایوب انصاریؓ — مؤلف: طالب ہاشمی

ضخامت: ۲۸۴ صفحات مجلد رنگین گردپوش — کاغذ، طباعت عمدہ

قیمت: دس روپے — ناشر: قومی کتب خانہ (رجسٹرڈ) لاہور

سیدنا حضرت ابو ایوب انصاریؓ کا شمار کبار صحابہ میں ہوتا ہے۔ وہ آسمانِ فضائل کے مہر عالمتاب تھے۔ ہجرتِ نبویؐ سے پہلے مشرف بہ اسلام ہوئے اور پھر لیلۃ العقبہ میں سرورِ کونینؐ سے عہدِ وفا باندھا۔ ہجرت کے بعد چھ سات ماہ تک رحمتِ عالمؐ کی میزبانی کی سعادت حاصل کی۔ بدر سے تبوک تک تمام غزواتِ نبوی میں شریک ہوئے اور اخیر وقت تک جان و مال سے اسلام کی خدمت میں مصروف رہے یہاں تک کہ وفات بھی میدانِ جہاد میں پائی۔ ان کا چمنِ اخلاق حبِ رسولؐ، شوقِ جہاد، شغفِ قرآن و حدیث، حق گوئی و بے باکی اور تفقہ فی الدین جیسے گلہائے رنگا رنگ سے آراستہ تھا۔

مشہور مؤرخ اور سیرت نویس جناب طالب ہاشمی نے اس کتاب میں بڑی تلاش و تحقیق اور عقیدت کے ساتھ ابو ایوب انصاریؓ کے حالات، ان کے فضائل اور ان کے علمی کمالات بیان کئے ہیں۔ کتاب نہایت دلچسپ اور پُر از معلومات ہے۔ زبان بڑی اثر انگیز اور شگفتہ ہے اور پیرایۂ بیان سلجھا ہوا ہے حواشی میں بھی بہت سی اہم شخصیات کے مختصر لیکن جامع حالات درج کر دیئے گئے ہیں۔ جس سے کتاب کی افادیت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ادیب شہیر جناب نعیم صدیقی نے اس کتاب کا دیباچہ لکھا ہے جو بجائے خود بڑا اثر انگیز ہے۔ فاضل مؤلف اور ناشر اس کتاب کی تالیف اور اشاعت پر تحسین کے مستحق ہیں۔ یہ کتاب ہر مسلمان گھرانے میں پڑھنے پڑھانے کے لائق ہے۔ کیونکہ صحابہ کرامؓ کے حالات پڑھ کر اسلام سے محبت اور زندگی سنوارنے کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔

(ساجد)